# Duroodon ki sughat (Volume 1)

Unknown

۷۸۶



# صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ﷺ

## حبیب ﷺ پر دُرُود پڑھو!

۷۸۶

# بیس(۲۰) سیکنڈ میں بیس(۲۰) ہزار نیکیاں

## ہر نماز کے بعد دس(۱۰) مرتبہ

# لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم


کہنے والے کو بیس(۲۰) ہزار نیکیاں ملتی ہیں اور سو(۱۰۰) مرتبہ کہنے والے اور جنت کے درمیان تو موت کے سوا اور کوئی رکاوٹ ہی نہیں ہوتی یعنی مرتے ہی جنت میں داخل ہوگا۔ (فیضانِ سنت)

## زیارتِ رسولِ اکرم ﷺ کے طلبگاروں کیلئے تحفہ

# اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

حدیث: جو شخص یہ درود پاک پڑھے اس کو خواب میں میری زیارت ہوگی اور جس نے خواب میں مجھے دیکھا وہ مجھے قیامت کے دن بھی دیکھے گا اور جو مجھے قیامت کے دن دیکھ لے گا میں اس کی شفاعت کروں گا۔ اور میں جس کی شفاعت کروں گا وہ حوضِ کوثر سے پانی پئے گا اور اس کے جسم کو اللہ تعالیٰ دوزخ پر حرام کر دے گا۔

([illegible]، القول البدیع ص ۲۳)


۷۸۶
قَلَّتْ حِيلَتِي أَنْتَ وَسِيلَتِي أَدْرِكْنِي يَا رَسُولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم
میرے حیلے ختم ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی میرا وسیلہ ہیں مجھے سنبھالئے اے اللہ عزوجل کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم
ہر حاجت کے لئے اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے باوضو بے وضو پڑھتے
رہیئے ان شاء اللہ عزوجل ناکامی نہیں ہوگی۔

# بے عذاب وعتاب حساب وکتاب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ درود پاک پڑھتے تھے اور اس کی برکت سے حساب وکتاب سے محفوظ رہے۔

(ملخص از سعادۃ الدارین ص ٢٩)

۷۸۶

# مال میں خیر و برکت

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

صاحب روح البیان فرماتے ہیں جو شخص اس درود پاک کو پڑھے گا۔ اس کا مال و دولت دن رات بڑھے گا۔

# نسیان کا علاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ

الْكَامِلِ وَعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ

اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول جانے کی بیماری ہو تو وہ نماز مغرب اور عشار کے درمیان اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے۔ اِن شاء اللہ جل جلالہٗ حافظہ قوی ہو جائے گا۔ (افضل الصلوٰۃ ص۱۹۱)

۷۸۶

# دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم



## اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

بزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ (جمعہ اور جمعرات کی درمیانی رات) اس درود شریف کو پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا، موت کے وقت سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرے گا اور قبر میں داخل ہوتے وقت بھی یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم اسے قبر میں اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے اتار رہے ہیں۔ (افضل الصلوٰۃ علیٰ سید السادات)

# ایمان کے ساتھ خاتمہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّنْطَلِقِ عِنَانِ جَوَادِ الْاِيْمَانِ
فِىْ مَيْدَانِ الْاِحْسَانِ مُرْسَلٍ مُّرْشِدٍ اِلٰى رِيَاحِ الْكَرَمِ
فِىْ رَوْضِ الْجِنَانِ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ؕ

شیخ سعدالدین حموی سے منقول ہے کہ اس کے ورد سے آدمی ایمان کی حالت میں دنیا سے جائیگا۔



۷۸۶

# درودِ غوثیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

جو شخص روزانہ اس درود کو کم از کم ایک بار ضرور پڑھے اسے سات نعمتیں حاصل ہوں گی۔ ۱۔ رزق میں برکت
۲۔ تمام کام آسان ہو جائیں گے۔ ۳۔ نزع کے وقت کلمہ نصیب ہوگا۔ ۴۔ جان کنی کی سختی سے محفوظ رہے گا۔
۵۔ قبر میں وسعت ہوگی۔ ۶۔ کسی کی محتاجی نہ ہوگی۔ ۷۔ مخلوق خدا اس سے محبت کرے گی۔

۷۸۶

# درودِ رضویہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یہ درود شریف ہر نماز کے بعد خصوصاً بعد نماز جمعہ مدینہ منورہ کی جانب منہ کرکے سو مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فضائل و برکات حاصل ہوتے ہیں

# گناہوں کی بیماری سے شفاء

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِیَآئِکَ وَاَکْرَمِ
اَصْفِیَآئِکَ مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِہٖ جَمِیْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ
الْمُعْجِزَاتِ وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

اگر کوئی اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے تو ان شاء اللہ عزوجل ہر برائی اس سے چھوٹ جائے گی۔ عبادت میں لطف آئے گا۔ اور آدمی عابد اور پرہیزگار بن جائے گا۔

## دین و دنیا کی نعمتیں حاصل کیجئے

# اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰهِ وَاِفْضَالِهٖ

اس درود پاک کو پڑھنے سے دین و دنیا کی بے تمام نعمتیں حاصل ہوں گی۔

# لا علاج مرض کا علاج

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ
وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

حضرت شیخ شہاب الدین ارسلان کو بعض صلحاء نے خواب میں دیکھ کر اپنے مرض کی شکایت کی تو انھوں نے فرمایا. تریاق مجرب سے کیوں غافل ہو؟ یہ درود پڑھا کرو۔

۷۸۶

# درودِ شفا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ
الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِهَا
وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَائِهَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ


کسی بھی مرض سے شفا کے لئے اس درود پاک کا ورد مجرب ہے۔

۷۸۶

# درود شفاعت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یوں درود پاک پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔ (الترغیب والترہیب ج ۲ ص ۵۰۴)


۸۲
فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ
ایک دن ایک شخص آیا تو سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
کے درمیان بٹھا لیا۔ اس سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تعجب ہوا کہ یہ کون ذی مرتبہ ہے۔ جب وہ
چلا گیا تو سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ میرا امتی ہے جب مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے تو یوں
پڑھتا ہے۔ (سعادۃ الدارین صـ۸۳ القول البدیع صـ۲۸)

# دُنیا و آخرت کی سُرخروئی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

قرآن کریم کی تلاوت کے بعد جو شخص اس درود پاک کو پڑھے گا وہ دنیا و آخرت میں سرخرو رہے گا۔ (روح البیان، سورۃ الاحزاب)

786

# ایک لاکھ درود پاک کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ السَّارِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

اس درود پاک کو ایک بار پڑھا جائے تو ایک لاکھ بار درود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ نیز اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو یہ درود پاک پانچ سو بار پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل حاجت پوری ہوگی۔ (احسن الکلام فی فضائل الصلوٰۃ والسلام)

# چھ لاکھ درود شریف کا ثواب

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

شیخ الدلائل سید علی بن یوسف مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی کہ اس درود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف کا ثواب حاصل ہوتا ہے اور ایک روایت یہ بھی ہے کہ جو اس درود شریف کو ہر روز ہزار بار پڑھے گا وہ دونوں جہاں میں سعادت مند ہوگا۔ اس درود کو "صلوٰۃ السعادت" کہتے ہیں۔ (مترجم مستند دلائل الخیرات ص ۱۰۱)

۷۸۶

# گیارہ ہزار درود کا ثواب

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ صَلٰوۃً

## اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّھُوَ لَھَا اَھْلٌ

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس درود پاک کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔

۷۸۶

# چودہ ہزار درود پاک کا ثواب

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ عَدَدَ کَمَالِ اللّٰہِ وَکَمَا یَلِیْقُ بِکَمَالِہٖ

اس درود شریف کو صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے چودہ ہزار درود پاک کا ثواب ملتا ہے۔ (افضل الصلوٰۃ ص ۱۸۶)

# مُنہ کی بدبو زائل کرنے کا نسخہ

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھ لیجئے۔ بدبودار چیزیں وغیرہ کھانے سے منہ میں جو بدبو پیدا ہو جاتی ہے اُسے زائل کرنے کا مجرب نسخہ ہے۔ (افضل الصلوٰۃ صہ ۱۸۲)

## ہر قسم کی پریشانی سے نجات کیلئے

# اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
# قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِىْ اَدْرِكْنِىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰه

سید ابن عابدین نے کہا کہ میں نے اسے ایک فتنۂ عظیم میں پڑھا جو دمشق میں واقع ہوا اسے ابھی دو سو مرتبہ بھی نہیں پڑھا تھا کہ مجھے ایک شخص نے آکر اطلاع دی کہ فتنہ ختم ہو گیا۔

(فضائل درود ص ۱۸۱)

بارش کے وقت یہ درود پاک پڑھئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ

# دِلوں کو نورانی بنایئے

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ

اس درود پاک کو پڑھنے سے دل میں نور پیدا ہو گا۔ اس کے علاوہ اس کے فضائل و مناقب احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔

# اَسّی (۸۰) سال کے گُناہ مُعاف

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی جمعہ کے روز عصر کے بعد اسّی (۸۰) بار یہ درود پڑھے اللہ عزوجل اس کے اسّی (۸۰) برس کے گناہ معاف فرما دے گا۔ (القول البدیع ص۱۹۶)

# درود برائے مغفرت

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

۷۸۶

# تمام مخلوق کے اعمال کے برابر ثواب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ
خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ
عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ كَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ

حضور اکرم نورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز صبح کو دس مرتبہ یہ درود پڑھتا ہے۔
تو اس کی وجہ سے تمام مخلوق کے اعمال کے مثل ثواب حاصل کر لیتا ہے۔

۷۸۶

# آبِ کوثر سے بھرا پیالہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ
وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ
وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حوضِ کوثر سے بھرا پیالہ پینا چاہے وہ اس درود پاک کو پڑھے۔

# دن بھر درود پڑھنے کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْسَطِ کَلَامِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اٰخِرِ کَلَامِنَا۔

بزرگوں نے فرمایا جو شخص اس درود شریف کو تین بار دن اور تین بار رات میں پڑھ لے تو گویا دن رات بھر درود پڑھتا رہا۔

۷۸۶

# ایک ہزار دن کی نیکیاں

جزی اللہ عنا سیدنا ومولانا
محمدا صلی اللہ علیہ وسلم ما ھو اھلہ

یہ درود پاک پڑھنے والے کیلئے ستر فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔ (طبرانی)